الابرار مدینۃ العلم رحمانیہ۔

پلاٹ نمبر ST-66 سیکٹر 11-D نئی کراچی، کراچی۔

مبلغِ ترجمۂ قرآں، مُحسن و مشفق و مہرباں، مخدوم و مکرم حضرت قبلہ چچا جان الحاج صوفی ابرار احمد قادری چشتی ممتازی رحمانی نور اللہ مرقدہٗ کے نام نامی اسمِ گرامی سے موسوم یہ مدرسہ 1998ء میں نئی کراچی کے پسماندہ اور غریب علاقے میں قائم ہوا۔ پہلے پہل یہ ادارہ کالا اسکول، 5-D، نئی کراچی کی جامع مسجد فاروقِ اعظم کی زیریں منزل میں کرائے کی عمارت میں کام کرتا رہا۔ یہاں مدرسہ میں قاعدہ و ناظرہ، حفظ القرآن اور ترجمۃ القرآن کے ساتھ ساتھ کچھ سالوں قبل 2009ء میں "الابرار اسلامک اکیڈمی" کے نام سے اسکول کے شعبہ میں بھی تعلیم و تدریس کا آغاز ہوا۔ اور ساتھ ہی ساتھ فارغ التحصیل حفاظِ کرام کیلئے 2017ء میں درسِ نظامی کی تعلیم و تدریس کا سلسلہ بھی شروع ہوا۔

اب یہ مدرسہ ایک دوسری جگہ کرائے کی عمارت میں کام کر رہا ہے۔ لیکن وہ جگہ بھی چونکہ فروخت ہو چکی ہے۔ اس لیئے اب ایک بار پھر اس مدرسہ کیلئے عمارت کی تلاش جاری ہے۔ تاکہ طلبہ و طالبات کی تعلیم و تدریس کا سلسلہ منقطع نہ ہو۔ لہٰذا صاحبِ ثروت و مخیّر حضرات سے اپیل ہے۔ کہ وہ اس مدرسہ کی اپنی عمارت کی دستیابی و تعمیر کیلئے جلد از جلد مالی و عملی

تعاون فرمائیں۔اور بے حدو بے حساب اجروثواب کمائیں۔

الحمدللہ! اِس مدرسۃ الابرار مدینۃ العلم رحمانیہ۔نئ کراچی میں 178 طلبہ وطالبات زیرتعلیم ہیں۔جبکہ یہاں 10/معلمین ومعلمات خدمات انجام دے رہے ہیں۔